UD-01

December - Examination 2016

B.A. Pt. I Examination

Ghair Afsanvi Nasr

Paper - UD-01

Time : 3 Hours] **[Max. Marks :- 100**

ہدایت:- اس پرچہ کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے ۔ حصہ الف، ب
اور ج ۔ ہر حصے کے سامنے نمبر تحریر کئے گئے ہیں ۔

(حصہ الف)

نوٹ:- مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ ۳۰
الفاظ میں تحریر کیجیے ہر سوال کے لیئے ۲ نمبر مقرر کئے گئے ہیں 10x2=20

سوال نمبر ۱:- انشائیہ کی تعریف بیان کیجیے ۔

ii) " مرغ کی اذان " کس کا تحریر کردہ انشائیہ ہے

iii) خواجہ حسن نظامی کب اور کہاں پیدا ہوئے

iv) " اپنی مدد آپ " کے مصنف کا نام لکھیے

v) دو خاکہ نگاروں کے نام لکھیے ۔

vi) "گدڑی کے لال نور خاں" کے مصنف کا نام لکھئے۔

vii) نصف ملاقات کسے کہا جاتا ہے۔

viii) خطوط غالب کی دو خصوصیات لکھئے۔

ix) مولانا آزاد کا پورا نام لکھئے

x) صحافت کی تعریف بیان کیجیے۔

(حصّہ ب)

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ ۲۰۰ الفاظ میں تحریر کیجیے۔درج ذیل ۸ سوالات میں سے طلبہ کو صرف ۴ سوالات کرنے ہیں۔ ہر سوال کے لئے ۱۰ نمبر مقرر ہیں۔ 4X10= 40

مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کا تشریح مع سیاق و سباق کیجیے

سوال نمبر۲ (ا) شاہ صاحب کی زبان سے بہ طارخانہ کلمات سن کے میرے دل کو بھی تسلّی ہوئی کہ غنیمت ان آدمیوں میں بھی انصاف والے موجود ہیں بلکہ میں دل ہی دل میں شرمایا کہ کبھی کبھی ایسا ہو جاتا ہے کہ یہ صاحب مصلّے پر بیٹھے وظیفہ پڑھا کرتے ہیں اور میں ان کے سروں کا خون پیا کرتا ہوں - یہ تو میری نسبت ایسی اچھّی اور نیک رائے دیں اور میں ان کو تکلیف دوں اگرچہ دل نے یہ سمجھایا کہ تو کانٹا تھوڑی ہے قدم چومنا ہے اور ان بزرگوں کے قدم چومنے ہی کے قابل ہوتے ہیں۔لیکن اصل یہ ہے کہ اس سے میری ندامت

دور نہیں ہوتی اور اب تک میرے دل میں اس کا افسوس باقی ہے ۔

ii) لوگ بادشاہو اور امیروں کے قصّہ اور مرثیئے لکھتے ہیں ۔ نامور اور مشہور لوگوں کے حالات قلم بند کرتے ہیں۔ میں ایک غریب سپاہی کا حال لکھتا ہوں، اس خیال سے کہ شاید کوئی پڑھے اور سمجھے کہ دولت مندوں، امیروں اور بڑے لوگوں ہی کے حالات لکھنے اور پڑھنے کے قابل نہیں ہوتے بلکہ غریبوں میں بہت سے قصّے ہوتے ہیں کہ ان کی زندگی ہمارے لیے سبق آموز ہوسکتی ہے۔ انسان کا بہترین مطالعہ انسان ہے اور انسان ہونے میں امیر غریب کا کوئی فرق نہیں ہے ۔

پھول میں اگر آن ہے کانٹے میں بھی ایک شان ہے

سوال نمبر ۳:- انشائیہ کی صنفی خصوصیات پر اظہار خیال کیجیئے ۔

سوال نمبر ۴:- خواجہ حسن نظامی کا مختصر تعارف پیش کیجیئے

سوال نمبر ۵:- سر محمد اقبال کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے

سوال نمبر ۶:- خاکہ اور انشائیہ میں کیا فرق ہے واضح کیجیے

سوال نمبر ۷:- خبر کے اجزاء بیان کیجیے

سوال نمبر ۸:- کالم نگاری کی خصوصیات پر روشنی ڈالیے

سوال نمبر۹ ۔ "غبارِ خاطر" کی چند خصوصیات پر روشنی ڈالیئے ۔

(حصّہ ج)

نوٹ :۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ ۵۰۰ الفاظ میں تحریر کیجیے ۔ دیئے گئے چار سوالات میں سے صرف دو سوال حل کیجیئے ۔ ہر سوال کے لیئے ۲۰ نمبر مقرر ہیں ۔ 2×20×40

سوال نمبر۱۰ :۔ خاکہ نگاری کی تعریف بیان کرتے ہوئے صنفی خصوصیات پر روشنی ڈالیئے

سوال نمبر۱۱ :۔ سرسید کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیئے

سوال نمبر۱۲ :۔ پطرس کی نثر نگاری کی خصوصیات پر روشنی ڈالیے

سوال نمبر۱۳ :۔ غالب کی خطوط نگاری پر اظہارِ خیال کیجیے ۔